# سوال

(101) عورتوں کی پہلی صف کی افضیلت کی صورت

# جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر مسجد میں عورتوں اور مردوں کے درمیان پردہ حائل ہو تو اس صورت میں کیا مندرجہ ذیل ارشاد پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کا اطلاق ہو گا؟

(خَيرُ صُفُوفِ الرِّجَالِ أَوَّلُها، وَشَرُّها آخِرُها وَخَيرُ صُفُوفِ النِّساءِ آخِرُها، وَشَرُّها أَوَّلُها) (رواہ البخاری)

''مردوں کی بہترین صف پہلی اور بدترین آخری صف ہے اور عورتوں کی بہترین صف آخری اور بدترین پہلی صف ہے۔''

یا یہ حکم زائل ہو جائے گا، اور عورتوں کی بہترین صف پہلی قرار پائے گی؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

عورتوں کی آخری صف بہترین ہونے کا بظاہر سبب یہ ہے کہ وہ مردوں سے دور رہے، کیونکہ عورت جس قدر مردوں سے دور ہو گی اسی قدر عزت و آبرو کے اعتبار سے محفوظ ہو گی اور بے حیائی سے دور ہو گی۔ لیکن جب عورتوں کی صفیں مردوں سے دور ہوں یا کسی دیوار اور پردے کی وجہ سے مردوں سے الگ ہوں اور امام کی متابعت کے لیے لاؤڈ اسپیکر پر انحصار کر رہی ہوں تو راجح امر یہ ہے کہ اس طرح عورتوں کی پہلی صف آگے ہونے اور قبلہ سے زیادہ قریب ہونے کی بناء پر افضل ہو گی۔ ۔ ۔ ۔ شیخ ابن جبرین ۔ ۔ ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ برائے خواتین

## نماز، صفحہ: 120

## محدث فتویٰ